Bill de Blasio
Mayor

Department of Consumer Affairs

Julie Menin
Commissioner

URDU

بامعاوضہ رخصتِ علالت: آجروں کے لئے کن باتوں کا جاننا ضروری ہے

بعض آجروں کے لئے یکم اپریل 2014 سے شروع ہونے والے New York City's Earned Sick Time Act (Paid Sick Leave Law) (نیو یارک سٹی ارنڈ سیک ٹائم ایکٹ (بامعاوضہ رخصتِ علالت کے قانون) کی پاسداری بہرصورت لازم ہے۔ اس قانون کے تحت، کورڈ ملازمین کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی اور اپنے خاندان کی دیکھ بھال اور علاج معالجہ کے لئے بامعاوضہ رخصتِ علالت استعمال کر سکیں۔

یہ شیٹ ڈیپارٹمنٹ آف کنزیومر افئیرز (DCA) نے قانون کے تحت ذمہ داریوں سے متعلق آجروں کی رہنمائ کے لئے مرتب کی ہے۔ DCA حسب موزونیت اس میں تجدید کرتی رہے گی۔ برائے مہربانی اس شیٹ کے آخر میں دی گئ تاریخ نوٹ کرلیں۔ قانون اور اس سے متعلق باربار پوچھے جانے والے سوالات کے مطالعہ کے لئے nyc.gov/PaidSickLeave ملاحظہ فرمائیے۔

آجر جن پر رخصتِ علالت دینا لازم ہے

ملازمین کی تعداد	معاوضے یا بغیر معاوضے کی رخصت علالت	سال میں رخصت علالت کی مقدار	تنخواہ کی شرح
5 یا زیادہ سال میں 80 سے زائد گھنٹےکام لازم ہے*	با معاوضہ	40 گھنٹے تک	گھنٹے کے حساب سے باقاعدہ ریٹ لیکن 8 ڈالر فی گھنٹہ سے کم نہیں (کم سے کم اجرت)
1 سے 4 سال میں 80 سے زائد گھنٹےکام لازم ہے	بغیر معاوضہ	40 گھنٹے تک	اطلاق نہیں
1 یا زائد گھریلو ملازمین سال میں 80 سے زائد گھنٹےکام لازم نیز آجر نےکم از کم ایک سال قبل بھرتی کیا ہو	با معاوضہ	2 یوم	گھنٹے کے حساب سے باقاعدہ ریٹ لیکن 8 ڈالر فی گھنٹہ سے کم نہیں (کم سے کم اجرت)

* سال سے مراد ہے کوئ سا باقاعدہ اور بالترتیب 12 ماہ کا دورانیہ جس کا تعین کسی آجر نے کیا ہو۔

نوٹ: اگر آپکی موجودہ طور پر کوئ ایسی پالیسی ہے جس کے تحت ملازمین کو رخصتِ علالت کی اجازت ہوتو ایسی پالیسی کو قانونی تقاضوں کے مطابق یا ان سے زیادہ ہونا چاہئیے۔

وہ آجر جن کے ملازمین قانون کے دائرہ کار میں نہیں آتے

یہ قانون ان ملازمین پر لاگو نہیں ہوتا: نیویارک شہر میں سال میں 80 گھنٹے یا کم ملازمت کرنےوالے، فیڈرل ورک سٹڈی پروگرام کے طلباء، ملازمین جن کے کام کی تلافی مستند سکالرشپ پروگرام سے ہوتی ہے، سرکاری ایجنسیوں کے ملازمین، فزیکل تھراپسٹ، اکوپیشنل تھراپسٹ، سپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ، آڈیالوجسٹ جو کہ نیویارک سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن سے لائسنس یافتہ ہوں، اگر اپنی مرضی سے کام کے لئے طلب کئے جائیں، اپنے کام کا شیڈول خود ترتیب دیں، کسی ملنے والے کام کو مرضی سے قبول یا مسترد کرنے کی پوزیشن میں ہوں، اور فی گھنٹہ کے حساب سے اوسط تنخواہ وصول کرتے ہوں جو وفاقی سطح کی کم ترین تنخواہ سے کم از کم چار گنا زائد ہو، آزاد ٹھیکیدار جو New York State Labor Law (نیویارک سٹیٹ لیبر لاء) کی رُو سے ملازم کی تعریف پر پورا نہیں اترتے، ورک اکسپیرئینس پروگرام کے شرکاء یا ایسے ملازمین جو اجتماعی بارگین ایگریمنٹ سے مشروط ہوں۔ اجتماعی بارگین ایگریمنٹ سے متعلق ہونے کی صورت میں اگر ایگریمنٹ اس قانون کے مساوی مراعات دیتا ہویا اسے ساقط کرتا ہو تو ملازمین اس قانون سے کور نہیں ہوتے۔ اسی طرح تعمیرات یا پرچون کی صنعت سے وابستہ افراد جنہیں اجتماعی بارگیننگ ایگریمنٹ کور کرتا ہو اور ایگریمنٹ اس قانون کو ساقط جرتا ہو تو ان پر یہ قانون لاگو نہیں ہوتا – اجتماعہ بارگیننگ ایگریمنٹ سے متعلق رہنمائ کے لئے nyc.gov/PaidSickLeave پر متواتر پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کیجئے۔

حقوق ملازم کا نوٹس

ملازم	ملازم کے ذمے تاریخ والا نوٹس
نیا پہلی ملازمت یکم اپریل 2014 یا اسکے بعد	ملازمت کے پہلے دن
موجودہ یکم اپریل 2014 سے قبل ہی آجر کی ملازمت کرنے والا	یکم مئ 2014

آپ کی جانب سے ہر ملازم کواس کے رخصت علالت کے حق جس میں اس رخصت میں اضافہ، اسکے استعمال، شکایت درج کرانے کے حق اور انتقامی کاروائ سے مبرا رہنے کے حق پر مبنی ایک تحریری نوٹس بہر صورت جانا چاہئیے۔ اس نوٹس میں آپکے سال، اسکے آغاز اور اختتام کا ذکر ہونا چاہئیے۔ انگریزی میں، یا اگر DCA کی ویب سائیٹ پر ہو تو انکی اپنی زبان میں، نوٹس ملازمین کا حق ہے۔ نوٹس nyc.gov/PaidSickLeave پر موجود ہے۔

رخصت علالت کی اضافہ پزیری اور استعمال – اہم تواریخ

	اضافہ کی شرح	تاریخ جس سے اضافہ شروع ہو رہا ہے	تاریخ جس پر رخصت علالت دستیاب ہوگی
ملازم	ہر 30 گھنٹے کام پر ایک گھنٹہ	یکم اپریل 2014 (موجودہ ملازم)	30 جولائی 2014 (موجودہ ملازم)
		ملازمت کا پہلا دن (نیا ملازم)	ملازمت کے پہلے دن کے 120 دن بعد (نیا ملازم)
گھریلو ملازم	کام کے ایک سال پر 2 دن	nyc.gov/PaidSickLeave پر DCA رہنمائی کرے گی	nyc.gov/PaidSickLeave پر DCA رہنمائی کرے گی

استثنیٰ: اگر کوئی ملازم کسی ایسے اجتماعی بارگیننگ ایگریمنٹ کی بنیاد پر کور ہو، جو یکم اپریل 2014 سے لاگو تھا تو ملازم کی رخصت علالت سٹی لاء کے تحت ایگریمنٹ کی اختتامی تاریخ سے اضافہ پزیر ہوگی۔

ریکارڈ برقرار رکھنا

آپکو قانون کی پاسداری کے حوالے سے دستاویزی ریکارڈ کم از کم تین سال تک محفوظ رکھنا چاہئے۔ آپکو صحت سے متعلق معلومات خفیہ رکھنی چاہئے تاآنکہ ملازم خود اسکے افشا ںکی اجازت دے یا قانوناً اس کی ضرورت ہو۔ آپکو DCA کی جانب سے نوٹس موصول ہونے کے بعد طے شدہ دورانیہ میں ریکارڈ بہرصورت پیش کرنا چاہئے۔

ایڈوانس نوٹس

اگر ضرورت آشکارہ ہو تو آپ رخصت علالت سے متعلق ملازم کے ارادہ کا نوٹس سات دن قبل تک مانگ سکتے ہے۔ اگر ضرورت غیر آشکارہ ہو تو آپ ممکنہ (معقول)حد تک جلد از جلد نوٹس مانگ سکتے ہیں۔

دستاویزکاری

متواتر تین دن تک رخصت علالت کی صورت میں آپ طبی سہولیات کے کسی مستندفراہم کنندہ کی دستاویزات مانگ سکتے ہیں۔ Paid Sick Leave Law (بامعاوضہ رخصت علالت کا قانون) آپ کو اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ طبی سہولیات کے فراہم کنندہ سے رخصت علالت کی وجوہات مانگیں ۔ ان وجوہات کا افشاں دیگر قوانین کے تحت درکارہو سکتا ہے۔ آپ ملازم سے اس بات کا تحریری ثبوت بھی طلب کر سکتے ہیں کہ رخصت علالت مجوزہ مقاصد کے لئے ہی استعمال کی گئ۔

غیر مستعمل رخصت علالت

ملازم 40 گھنٹے تک کی رخصت علالت اگلے سال میں لے جا سکتا ہے ۔ تاہم آپ سال میں 40 گھنٹے تک کی رخصت علالت دینے کے پابند ہیں۔ یہ آپکی مرضی پر منحصر ہے کہ کسی ملازم کو سال گزرنے پر غیر استعمال شدہ رخصت علالت کا معاوضہ ادا کردیں۔ اگر آپ ملازم کو اس کا معاوضہ ادا کردیں اور اسے نئے سال کے پہلے روز قانوناً درکار یا اس سے زائد رخصت دیدیں تو وہ اسے اگلے سال میں نہیں لے جا سکتا۔

بدلہ

آپ ملازم کو رخصت علالت کی درخواست یا استعمال پر انتقامی کاروائی کا نشانہ نہیں بنا سکتے۔ انتقامی کاروائ میں شامل ہیں: دھمکی، نظم و ضبط، اخراج، تنزلی، معطلی، گھنٹوں میں کمی یااس قانون کے تحت حاصل شدہ اختیار استعمال کرنے کی کوشش کی پاداش میں اسکے خلاف دیگر کوئ کاروائ۔

شکایات

اگر کوئ ملازم DCA کے پاس شکایت درج کرا تا ہے تو ادارہ تحریری جواب کے لئے آپ سے بذریعہ ڈاک رابطہ کرے گا ۔ آپکو 30 دن کے اندر DCA کو جواب دینا ہوگا۔شکایت کے ازالے کے لئے DCA آپ سے اور ملازم سے ملکر کام کرے گا۔ ہم تکمیل حکم میں بھی آپکی معاونت کریں گے۔

خلاف ورزی کا نوٹس

خلاف ورزی کا نوٹس موصول ہونے پر آپکے پاس موقع ہوگا کہ پیشی کے بغیر ہی خلاف ورزی سلجھا لیں یا آپ DCA کے ٹریبونل برائے تصفیہ کے کسی غیر جانبدار جج سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔

نوٹ: تمام آجر یکم اپریل 2014 سے لاگو ہونے والے اس قانون کی پاسداری کے پابند ہونگے۔ یکم اکتوبر 2014 تک درج ذیل آجر بغیر کسی جرمانہ کے تعمیل کے پابند ہونگے نیز یکم اکتوبر 2014 سے قبل کسی ایک روگردانی کو شمار نہیں کیا جائےگا۔

- 1 سے 19 تک ملازمین رکھنے والے آجر
- U.S. Department of Labor’s North American Industry Classification System (NAICS) (یو ایس ڈیپارٹمنٹ آف نارتھ امریکہ انڈسٹری کلاسیفیکیشن سسٹم)کی سیکشن 31، 32 یا 33 میں درج مصنوعات کے کاروبار۔ مکمل تفصیلات کیلئے http://www.bls.gov/oes/current/naics2_31-33.htm ملاحظہ فرمائے۔

سوالات؟ قانون سمجھنے کیلئے تربیت لینا چاہتے ہیں؟

311پر کال کرکے بامعاوضہ رخصت علالت کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ (212-NEW-YORK outside NYC)